پاپوا نیو گنی میں آئی ٹی ای سی کے اسکالروں کے ساتھ وزیر اعظم کی بات چیت

22 مئی 2023

22 مئی 2023 کو فورم فار انڈیا پیسیفک آئی لینڈز کوآپریشن (FIPIC) کی تیسری چوٹی کانفرنس کے لیے پورٹ مورسبی کے اپنے دورے کے دوران، وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے بحر الکاہل کے جزیرہ نما ممالک سے تعلق رکھنے والے انڈین ٹکنیکل اور اکنامک کوآپریشن(ITEC) کورسز کے سابق طلباء سے بات چیت کی۔

2۔ سابق طلباء میں سینئر سرکاری افسران، سرکردہ پیشہ ور افراد اور کمیونٹی لیڈر شامل تھے جنھوں نے ITEC کے تحت ہندوستان میں تربیت حاصل کی ہے۔ وہ ہندوستان میں حاصل کردہ مہارتوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنے معاشروں میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔

3۔ وزیر اعظم مودی نے سابق طلباء کو ان کی ذاتی کامیابیوں اور حصولیابیوں کی تعریف کی۔ انہوں نے ممالک کو ان کے ترقیاتی اہداف کو پورا کرنے میں مدد کرنے میں ہندوستان کی صلاحیت سازی کی پہل کے ذریعہ ادا کئے گئے اہم رول پر روشنی ڈالی، خاص طور پر اچھی حکمرانی، موسمیاتی تبدیلی، ڈیجیٹل عوامی سامان اور پائیدار ترقی جیسے شعبوں میں۔ انہوں نے صلاحیت سازی کی اس طرح کی کوششوں کے لیے ہندوستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

4۔ 2015 میں آخری FIPIC چوٹی کانفرنس کے بعد، ہندوستان نے اس خطے کے تمام ممالک کے تقریباً 1000 اہلکاروں کو تربیت دی ہے۔ ہندوستان نے زراعت اور متعلقہ شعبوں میں ان کی مدد کے لیے ان ممالک کی ایجنسیوں میں طویل مدتی وفود پر ماہرین بھی بھیجے ہیں۔

پورٹ مورسبی

مئی 2023 22